PDMA
Provincial Disaster Management Authority
Sector B-2 Phase-BV Hayatabad, Peshawar, Khyber Pakhtunkhwa
Phone: (091) 9213959, Fax: (091) 9214025
www.pdma.gov.pk

پی ڈی ایم اے اپڈیٹس

مورخہ: 10 نومبر 2026

موسمی انتباہ (الرٹ)

پریس ریلیز

خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع میں 10 سے 14 نومبر تک بارش، تیز ہواؤں، گرج چمک اور ژالہ باری کا امکان، پہاڑوں پر برفباری کی پیشگوئی

پشاور: محکمہ موسمیات نے خیبر پختونخوا کے بالائی اور میدانی علاقوں میں 10 نومبر کی شام سے 14 نومبر کی صبح تک بارش، تیز ہواؤں، گرج چمک اور بعض مقامات پر ژالہ باری کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمی نظام کے زیر اثر بارشوں کی شدت 12 نومبر کو مزید بڑھنے کا امکان ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق چترال اپر و لوئر، دیر اپر و لوئر، سوات، باجوڑ، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، کوہستان اپر و لوئر، کولئی پالس، بٹگرام، تورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور، مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، بنوں، لکی مروت، ڈیرہ اسماعیل خان، ٹانک، شمالی اور جنوبی وزیرستان میں بارش اور تیز ہواؤں کا امکان ہے۔ بالائی پہاڑی علاقوں میں برفباری بھی متوقع ہے۔

پی ڈی ایم اے کے مطابق پہاڑی علاقوں اور گلیشیئرز پر ہلکی برفباری جبکہ میدانی علاقوں میں بعض مقامات پر دھند چھائے رہنے کا امکان ہے۔ اس دوران دن کے درجہ حرارت میں 2 سے 4 ڈگری سینٹی گریڈ تک کمی متوقع ہے۔

پی ڈی ایم اے نے تمام ضلعی انتظامیہ کو ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کرنے اور متعلقہ اداروں کو الرٹ رہنے کی ہدایت کی ہے۔

ضلعی انتظامیہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ حساس علاقوں، سیاحتی مقامات اور ندی نالوں کی نگرانی یقینی بنائی جائے، سڑکوں کو آمدورفت کے لیے کھلا رکھا جائے، نکاسی آب کے نظام کو فعال بنایا جائے اور ریسکیو 1122 کی ٹیموں کو ضرورت کے مطابق بروقت متحرک کیا جائے۔

تیز ہواؤں اور ژالہ باری کے پیش نظر کمزور تعمیرات، بل بورڈز اور ہورڈنگز کو محفوظ بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے۔ کسانوں کو فصلوں کی حفاظت کے لیے ضروری احتیاطی تدابیر اختیار کرنے جبکہ سیاحوں کو غیر ضروری سفر سے گریز اور دوران سفر احتیاط برتنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

پی ڈی ایم اے نے عوام سے اپیل کی ہے کہ خراب موسم کے دوران احتیاطی تدابیر اختیار کریں، ندی نالوں اور دریاؤں کے قریب جانے سے گریز کریں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال میں متعلقہ اداروں سے رابطہ کریں۔

پی ڈی ایم اے کا ایمرجنسی آپریشن سنٹر مکمل طور پر فعال ہے عوام کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی اطلاع 1700 پر دیں۔

ترجمان، پی ڈی ایم اے، خیبر پختونخوا